سوال

اگرایک شخص اسلام قبول کرلے اوراس کی بیوی اسلام قبول نہ کرے توکیاوہ بیوی سے علیحدہ ہوجائے ؟

جواب

الحمدللہ

اس میں دیکھا جائیگا کہ : اگر بیوی یہودیہ یا نصرانیہ ہے توپھراس سے علیحدہ ہونالازم نہیں، کیونکہ مسلمان مرد کےلیے یہودیہ یا نصرانیہ عورت سے ابتداءً ہی شادی کرنا جائز ہے، اور اسی طرح بعد میں بھی

لیکن اگر بیوی یہودی یا عیسائی نہیں، توجب خاوند مسلمان ہوجائے تویہ نکاح فسخ ہوجائیگا، کیونکہ وہ مرد اس کےلیے حلال نہیں رہا، اورنہ ہی وہ عورت اس کےلیے حلال رہی ہے، لیکن اسے عدت گزرنے تک کی مہلت دی جائیگی، اگر تووہ عدت کے دوران مسلمان ہوگئی تووہ اس کی بیوی ہے، اوراگر اسلام قبول نہیں کرتی اورعدت گزرگئی توجب سے خاوند مسلمان ہوا ہے اس کا نکاح فسخ ہوگا" انتہی

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ.

اسلام سوال وجواب

109195